© rasailojaraid.com



## تعارف وتبصرہ

**علامہ شبلی نعمانی کی قرآن فہمی** ڈاکٹر محمد سعود عالم قاسمی

ناشر: فاران اکیڈمی، اقرا کالونی، علی گڑھ، ۲۰۰۵ء، صفحات: ۱۱۲، قیمت: درج نہیں

علامہ شبلی نعمانیؒ (۱۸۵۷-۱۹۱۴ء) کو تاریخ، سیرت و سوانح اور ادب کے میدانوں میں جو غیر معمولی شہرت ملی اس کے وہ بجا طور پر مستحق تھے۔ لیکن قرآنیات میں ان کی خدمات کا کما حقہ تعارف نہیں ہوسکا ہے۔ عموماً سوانح نگاروں نے اس پہلو کو نظر انداز کیا ہے، چناں چہ ان کی قرآنی فکر کے تجزیے پر کوئی تحریر نہیں ملتی۔ زیرِ نظر کتاب اس کمی کو بخوبی پورا کرتی ہے۔ یہ اصلاً وہ مقالہ ہے جسے شبلی نعمانی سمینار منعقدہ دارالمصنفین شبلی اکیڈمی اعظم گڑھ نومبر ۲۰۰۴ء کے لیے لکھا گیا تھا۔ اسی کو نظر ثانی کے بعد کتابی صورت میں شائع کیا گیا ہے۔

یہ کتاب چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول علامہ شبلی کی تدریسِ قرآن پر ہے۔ اس میں علی گڑھ کے دورانِ قیام ان کے دروسِ قرآن کے اہتمام کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔ باب دوم میں بعض علومِ قرآنی پر ان کی نگارشات کا تجزیہ کیا گیا ہے۔ باب سوم میں اسبابِ نزول اور زمانۂ نزول کے متعلق ان کی تحقیقات پر تبصرہ ہے۔ اور باب چہارم میں قرآنی آیات سے ان کے استشہاد و استدلال کے نمونے پیش کیے گئے ہیں۔

اس کتاب کے ذریعے علامہ شبلی نعمانی کی علمی شخصیت کے ایک اہم پہلو پر روشنی پڑتی ہے۔ اس خدمت پر فاضل مصنف تحسین و تبریک کے مستحق ہیں۔ امید ہے اسے شبلی کے عقیدت مندوں اور علومِ قرآن کے شائقین دونوں کے درمیان مقبولیت حاصل ہوگی۔

(محمد رضی الاسلام ندوی)

**ہندو علماء و مفکرین کی قرآنی خدمات** مصنف: وزیر حسن/ مترجم: اورنگ زیب اعظمی

ناشر: اسلامک بک سینٹر، دریا گنج، نئی دہلی ۲، ۲۰۰۴ء، صفحات ۵۶، قیمت -/۳۵

زیرِ نظر کتاب جناب وزیر حسن کی انگریزی تصنیف Quranic studies



© rasailojaraid.com